## سوال

(43)جس نے اپنی اولاد کو قرآن شریف پڑھایا اس کو آخرت میں الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس نے اپنی اولاد کو قرآن شریف پڑھایا اس کو آخرت میں ایسی ٹوپی ملے گی جس کی روشنی سورج سے بہت گنا ہوگی تو کیا تاج والے کا جسم کا یا بدن بھی سورج سے زیادہ روشن ہوگا اور جس نے قرآن کا درس دیا ان کو بھی ملے گا یا نہیں۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث کے الفاظ میں تاج کی روشنی کا ذکر ہے بدن کی روشنی کا نہیں لہذا یہ غیر ثابت ہے درس دینے والے کا ذکر بھی حدیث شریف میں نہیں ہے۔امید ہے اس کو بھی ملے گا۔
(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول صفحہ 83)(یہ حدیث مشکواۃ شریف ص 186 باب فضائل القرآن فصل ثانی میں معاذ جہنی کی روایت سے مروی ہے۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 11 ص 148**